**19.03.2025**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
Music

........................................................................

☆ سرکار نے BHIM-UPI کے ذریعے چھوٹے لین دین کو مستحکم کرنے کے لئے ترغیباتی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ آسام کے Namrup میں دس ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم کے ساتھ فرٹیلائزر پلانٹ قائم کرنے کے پروجیکٹ کو بھی منظوری دی گئی ہے۔

☆ مرکز نے مویشی پروری اور ڈیری ترقیاتی پروگراموں کے فروغ کے لئے رقم میں اضافہ کیا ہے۔

☆ وزیر صحت جے پی نڈّا کا کہنا ہے کہ سرکار اگلے دو برسوں میں مزید دس ہزار جن اوشدھی کیندر کھولنے کیلئے تیار ہے۔

☆ سرکار نے چنڈی گڑھ میں پنجاب کے کسانوں کے ساتھ میٹنگ کی ہے۔ اگلی میٹنگ چار مئی کو ہوگی۔

☆ اور...... سوئس اوپن بیڈمنٹن میں کدامبی سری کانت اور تین دوسرے بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Basel میں سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Cabinet Briefing**

سرکار نے آج بھیم UPI کی چھوٹی رقم کی لین دین کے فروغ کے لئے ایک ترغیباتی اسکیم کی منظوری دی ہے۔ اس اسکیم کا نفاذ ایک ہزار پانچ سو کروڑ کے مجوزہ منصوبے سے شروع ہوگا۔ آج نئی دلی میں کابینہ کے فیصلے کے بارے میں میڈیا کو تفصیلات فراہم کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ اسکیم چھوٹے کاروباریوں کو مزید کسی اضافی چارج کے بغیر UPI کی خدمات حاصل کرنے میں مدد کرے گا۔

(2100 Cabinet- Vaishnav UPI)

جناب ویشنو نے کہا کہ سرکار نے ایک نئے Brownfield Ammonia Urea کامپلیکس فرٹیلائزر پلانٹ قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

یہ پلانٹ آسام کے Namrup میں واقع برہمپتر ویلی فرٹیلائزر کارپوریشن لمیٹڈ کے موجودہ احاطے میں قائم کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹ ملک میں یوریا کی مقامی پیداوار کی صلاحیت کو بڑھائے گا۔

(2100 Cabinet- Vaishnav NAMRUP)

وزیر موصوف نے بتایا کہ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے مہاراشٹر میں JNPA پورٹ سے چوک تک ایک چھ لین والی گرین فیلڈ شاہراہ کی تعمیر کی منظوری بھی دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹ مجموعی طور پر چار ہزار 500 کروڑ روپے کے خرچ پر تیار کیا جائے گا۔ اس پروجیکٹ کو JNPA پورٹ سے نوی ممبئی بین الاقوامی ائیرپورٹ کو جوڑنے کے لئے لاجسٹکس کارکردگی کو بہتر کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ سرکار نے مویشی پروری کے شعبے میں ترقی کو مستحکم کرنے کے لئے نظر ثانی شدہ راشٹریہ گوکل مشن کو منظوری دی ہے۔ اضافی ایک ہزار کروڑ روپے کے بجٹ کے ساتھ نظر ثانی شدہ راشٹریہ گوکل مشن کا نفاذ 22-2021 سے 26-2025 کے درمیان ہوگا۔ 15 ویں مالی کمیشن کے دوران اس کے لئے مجموعی طور پر تین ہزار چار سو کروڑ روپے کی منظوری دی گئی تھی۔

کابینہ نے ڈیری کی ترقی کے لئے نظر ثانی شدہ قومی پروگرام کی بھی منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اس کا مقصد ڈیری کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع اور جدیدکاری کرنا ہے۔ ایک ہزار کروڑ روپے کی اضافی رقم کے ساتھ اِس پروگرام کو بہتر بنایا گیا ہے۔ اس کا مجموعی بجٹ 2 ہزار 790 کروڑ روپے کا ہوگیا ہے۔ x

**Prez Udyam Utsav**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کل راشٹرپتی بھون میں امرت ادیّان میں ادیّم اتسو میں شرکت کریں گی۔ اِس پروگرام کا انعقاد، بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں MSMEs کی وزارت کر رہی ہے۔ یہ پروگرام، اِس مہینے کی 30 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگا۔ اس کا مقصد ملک کے درخشاں اور مالا مال ورثے کو شہریوں کے قریب لاکر MSMEs کو با اختیار بنانا اور اُس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

VC- Bhanu

اس پروگرام میں سات پویلین ہوں گے جن میں دستکاری سے لے کر زرعی پیداور تک مختلف مصنوعات کی نمائش کی جائے گی۔ پویلین میں گرین ایم ایس ایم ای ٹیکنالوجیز، خواتین کاروباری، پی ایم وشوکرما اور قبائلی صنعت کار، کھادی اور گاؤں کی صنعتوں اور ایم ایس ایم ای کاروباری معاون پویلین شامل ہوں گے۔ پویلین میں مختلف تجارتی اشیاء اور مٹی کے برتنوں کی راست نمائش کی جائے گی۔ اِس کے علاوہ تقریب کے دوران ہنر سنگیت، نکڑ ناٹک، ساڑی پہننے کے سیشنز اور راجستھانی گڑیا سازی کے مظاہرے جیسی سرگرمیاں اہم جھلکیاں ہوں گی۔ ادیّم اتسو عوام کے لیے روزانہ صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہے گا۔

**RS- Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج راجیہ سبھا میں وزارت داخلہ کے کام کاج پر بحث کے دوران TMC ایم پی ساکیت گوکھلے کے ذریعے CBI کا معاملہ اٹھانے پر اعتراض جتایا ہے۔ بحث کی شروعات کرتے ہوئے جناب گوکھلے نے CBI کا معاملہ اٹھایا، جس پر حزب اقتدار کے ممبران نے احتجاج کیا۔ ایوان میں جناب گوکھلے کے بیان کا جواب دیتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ CBI وزارت داخلہ کے اندر نہیں ہے اور TMC کے ممبر کو وزارت داخلہ کے کام کاج پر ہی اپنی بات کہنی چاہیئے۔

(2100 Amit Shah RS)

**LS- Ministry of Jal Shakti**

لوک سبھا میں آج جل شکتی کی وزارت کے تحت مطالبات زر 26-2025 پر بحث ہوئی۔ ایوان میں بحث کی شروعات کرتے ہوئے بی جے پی کے جگدمبیکا پال نے کہا کہ نریندر مودی حکومت نے جل شکتی کی وزارت کے لئے سال 26-2025 کے بجٹ میں 99 ہزار 500 کروڑ روپے سے بھی زیادہ کی رقم مختص کی ہے۔

انھوں نے کہا کہ پچھلے سال کے 51 ہزار اور 558 کروڑ روپے کے بجٹ کے مقابلے اس سال یہ رقم 93 فیصد سے بھی زیادہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ہر دیہی گھرانے میں نل کے پانی کی فراہمی کے مقصد سے جل جیون مشن JJM ہر گھر جل جیسے منصوبے کو نافذ کررہی ہے۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے DMK کے ٹی آر بالو نے کہا کہ اب تک جل جیون مشن کے تحت صرف 80 فیصد کام ہی مکمل ہوپایا ہے اور اس اسکیم کے تحت 15 کروڑ سے زیادہ دیہی گھرانوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

بحث میں حصہ لینے والے دیگر ممبران میں کانگریس کے Rahul Kaswan، سماجوادی پارٹی کے ویریندر سنگھ، جنتا دل (یو) کے لَولی آنند، BJP کے Basavaraj Bommai، TMC کے Bapi Halder اور TDP کے Bastipati Nagaraju شامل تھے۔ ایوان کی کارروائی ابھی جاری ہے۔x

**RS Health Discussion**

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے آج کہا کہ اس وقت 15 ہزار جن اوشدھی کیندر کام کر رہے ہیں اور حکومت نے اگلے دو برس میں مزید دس ہزار جَن اوشدھی کیندر کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ راجیہ سبھا میں صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے کام کاج کے بارے میں بحث کا جواب دیتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ ان مراکز میں مریضوں کے لیے دستیاب انتہائی سستی دواؤں کی وجہ سے اب تک 30 ہزار کروڑ روپے کی بچت ہوئی ہے۔ جناب نڈا نے اس بات کو اجاگر کیا کہ 2017 میں متعارف کرائی گئی صحت پالیسی، ایک جامع فریم ورک ہے جس میں پچھلی صحت پالیسیوں کے برعکس، علاج معالجے، تندرستی اور امراض کی روک تھام کے طور طریقوں کو شامل کیا گیا ہے اور یہ مکمل طور پر علاج معالجے پر مرکوز ہے۔

اس سے پہلے، بحث میں حصہ لیتے ہوئے، جنتا دل یونائیٹیڈ کے سنجے کمار جھا نے کہا کہ قابل ذکر اقدامات کے ساتھ ملک میں حفظانِ صحت کے شعبے میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں ڈاکٹروں کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے MBBS میں ایک لاکھ بیس ہزار نئی سیٹوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جناب جھا نے بہار کے دربھنگہ میں ریاست کا دوسرا ایمس تعمیر کرنے کیلئے وزارت صحت کا شکریہ ادا کیا۔

جنتا دل (سیکولر) کے رہنما اور سابق وزیر اعظم ایچ ڈی دیوگوڑا نے دیہی علاقوں کے اسپتالوں پر زیادہ توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ حکومت کو ہائی اسکول کی طالبات کو سروائیکل کینسر سے ان کی حفاظت کے لیے ٹیکے لگانا چاہیے۔

**LS Online Gaming**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ حکومت، آن لائن گیمنگ سے لاحق

خطرات اور نشے جیسے ممکنہ نقصانات سے پوری طرح واقف ہے۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں وزیر موصوف نے بتایا کہ مرکز کی پالیسیوں کا مقصد اپنے صارفین کے لیے ایک کھلا، محفوظ، قابل اعتماد اور جوابدہ انٹرنیٹ کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت نے آن لائن گیمز سے متعلق مختلف سماجی و اقتصادی خدشات کو دور کرنے کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی (معاون رہنما خطوط اور ڈیجیٹل میڈیا ضابطۂ اخلاق) قوانین 2021 میں ترامیم کو نوٹیفائی کیا ہے۔ x

## Punjab Farmers Meeting

پنجاب کے کسانوں اور مرکزی اور ریاستی سرکاری وفود کے درمیان تیسرے دور کی بات چیت آج چنڈی گڑھ میں مثبت انداز میں ختم ہوئی۔ اگلی میٹنگ 4 مئی کو ہوگی۔ بات چیت کے بعد میڈیا سے بعد کرتے ہوئے زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کسانوں کے مفاد، سرکار کے لئے سب سے اہم ہیں اور ملک بھر کے کسانوں کی فلاح و بہبود سے متعلق معاملات سے نمٹنے کیلئے لگاتار پالیسیاں بنا رہی ہے۔

(2100 Shivraj Sing Chauhan on Punjab Farmers)

انھوں نے کہا کہ بات چیت اور نتیجہ خیز رہیں۔ کامرس کے مرکزی وزیر پیوش گویل اور صارفین کے امور کے وزیر پرہلاد جوشی بھی اُن کے ساتھ تھے۔x

## Jaishankar Raising

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلی میں رائے سینا مذاکرات -2025 کے موقع پر کیوبا کے نائب وزیراعظم ڈاکٹر Eduardo Martinez Diaz سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انھوں نے ترقیاتی تعاون اور خاص طور پر صحت اور روایتی ادویات پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے جارجیا کے اپنے ہم منصب Maka Botchorishvili اور ناروے کے ہم منصب Espen Barth Eide سے بھی ملاقات کی۔ وزیرخارجہ نے کہا کہ انھوں نے TEPA، سمندری معیشت، تعلیمی تعاون کے نفاذ اور یوکرین کے حالات پر تبادلۂ خیال کیا۔

اس دوران جارجیا کے وزیر خارجہ کے ساتھ اپنی میٹنگ کے دوران سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، سیاحت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون کے مواقع تلاش کئے گئے۔x

## MEA Gaza

وزارت خارجہ نے آج غزہ کے حالات پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور تمام یرغمالیوں کی رہائی کی بات کہی ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں غزہ کے لوگوں کے لئے انسانیت پر مبنی امداد کی سپلائی کی بھی درخواست کی ہے۔ حماس کے فلسطینی صحت حکام کے مطابق اسرائیلی حملوں میں 400 سے زیادہ فلسطینی ہلاک ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے دو ماہ طویل جنگ بندی ختم ہوگئی ہے۔x

## NIA Jammu Searches

قومی جانچ ایجنسی NIA نے آج جموں کے 12 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ یہ کارروائی، لشکر طیبہ اور جیش محمد جیسی ممنوعہ دہشت گرد تنظیموں کی نئی تشکیل شدہ شاخوں کے زمینی سطح پر کام کرنے والے کارکنوں کے گھروں پر

انجام دی گئی۔ کارروائی کے دوران NIA نے زمینی سطح پر کام کرنے والے کارکنوں سے دہشت گردوں کو جوڑنے سے متعلق کئی قابل اعتراض اور اشتعال انگیز مواد ضبط کیے۔ NIA کی ٹیمیں، دہشت گردی کی سازش کو بے نقاب کرنے کے لیے مواد کی جانچ کر رہی ہیں۔ x

**Maha Nagpur Violance**

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے ناگپور میں حالیہ تشدد کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا وعدہ کیا ہے۔ ریاستی اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب فڑنویس نے کہا کہ تفتیش جاری ہے اور اب تک کسی نتیجے پر نہیں پہنچا جاسکا ہے۔ واضح رہے کہ وزارت داخلہ کی ذمہ داریاں بھی اُن کے پاس ہیں۔ البتہ انھوں نے اشارہ کیا کہ افراتفری مچانے کیلئے اس واقعے کی پہلے سے سازش کی گئی تھی۔ امن و قانون کے تئیں سرکار کے عہد کی یقین دہانی کراتے ہوئے انھوں نے واضح کیا کہ شہر میں امن بحال کرلیا گیا ہے۔ x

**LS Jittendra Space**

بھارت 2035 تک اپنا خلائی اسٹیشن، 'بھارت انترکش اسٹیشن' قائم کرنے اور 2040 تک ایک بھارتی خلاباز کو چاند پر اتارنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ وزیر اعظم کے دفتر میں مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یہ بات، آج لوک سبھا میں ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہی۔

S/B: Jitendra Singh on Bharat Station

جناب سنگھ نے کہا کہ چندریان-4 کو دو لانچ گاڑیوں کے ذریعے بھیجا جائے گا اور اس کے کُل پانچ اجزاء ہوں گے۔ اس سوال کے جواب میں کہ گگن یان کے منتخب کردہ چار خلابازوں کو عوام کی نظروں سے کیوں دور رکھا گیا ہے، جناب سنگھ نے واضح کیا کہ اِس اقدام کا مقصد خلفشار کو کم کرنا ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ گگن یان کی آزمائشی پرواز ایک خاتون نما روبوٹ کے ساتھ اس سال کے آخر تک شروع کی جائے گی۔ ناسا کی خلا باز سنیتا ولیمز اور Butch وِلمور کی زمین پر واپسی کے سلسلے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ انتہائی فخر فخر اور مسرت کا لمحہ ہے کہ وہ بحفاظت زمین پر واپس آگئے ہیں۔x

**Turkiya Arrest**

ترکیہ کی انتظامیہ نے بدعنوانی اور دہشت گردی سے متعلق ایک معاملے کی تحقیقات کے ایک حصے کے طور پر استنبول کے میئر Ekram Imamoglu کو حراست میں لیا گیا ہے۔ ملک کی ایک تحقیقاتی ایجنسی Anadolu نے بتایا کہ پراسیکیوٹر نے کاروباریوں اور صحافیوں سمیت تقریباً 100 افراد کے خلاف وارنٹ جاری کئے ہیں۔

Imamoglu کو آج علی الصبح حراست میں لے کر پولیس ہیڈکوارٹر لے جایا گیا۔ انتظامیہ نے استنبول میں چار روز کے لئے مظاہروں پر پابندی لگادی ہے، جو گرفتاریوں کے بعد احتجاج کو روکنے کی ایک واضح کوشش ہے۔

Ekram Imamoglu کو صدر رجب طیب اردغان کا سیاسی حریف سمجھا جاتا ہے۔x

**Waves Football**

WAVES OTT پلیٹ فارم، DFB-Pokal سیمی فائنل اور فائنل میچوں کی بھارت میں براہ راست نشر کرے گا۔ پرسار بھارتی اور DFB جرمنی نے بھارت اور جرمنی کے درمیان فٹبال تعلقات کو مستحکم کرنے اور فٹبال کو

بھارت میں لانے کیلئے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

مفاہمت نامے کے تحت 17 سال سے کم عمر کے ہنرمند کھلاڑیوں کا ٹورنامنٹ بھی شروع کیا جائے گا، جس میں 20 نوجوان بھارتی کھلاڑیوں کو جرمنی میں ٹریننگ دی جائے گی۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پرسار بھارتی کے CEO، گورو دیویدی نے کہا کہ DFB کے ساتھ تال میل نہ صرف اعلیٰ سطح کے فٹبال کھیل، بھارتی شائقین کیلئے مہیا ہوں گے بلکہ اِس سے نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی تجربہ بھی حاصل ہوگا۔ x

**Badminton**

سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں Basel میں، کدامبی سری کانت، شنکر سبرامنیم، Isharani Baruah اور انوپما اپادھیائے سمیت کئی بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی سنگلز کے کوارٹرز فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں بھارت کے کدامبی سری کانت آج شام افتتاحی میچ میں اپنے حریف H S Prannoy کو 21-23، 21-23 سے شکست دے کر پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ ایک دوسرے میچ میں شنکر سبرامنیم نے ڈنمارک کے Magnus Johannesen کو 05-21، 16-21 سے شکست دی۔

خواتین کے سنگلز میں Isharani Baruah اور انوپما اپادھیائے بھی پہلے راؤنڈ کے میچوں میں جیت حاصل کرکے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆